**Series : S7PQR** **SET ~ 4**

رول نمبر
**Roll No.**

کوڈ **Q.P. Code** **3/7**

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سر ورق پر لازمی طور پر لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (کور)

# URDU (Core)

مقررہ وقت: ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : **3** hours* | *Maximum Marks : **80***

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **7** ہے۔

(II) سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔

(III) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**

(V) سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح۔10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

[ ]

**عام ہدایات :**

(i) یہ سوالنامہ **2** حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) اس سوالنامے میں کل ***11*** سوالات ہیں۔

(iii) **حصہ۔الف** : سوال نمبر ***1*** تا **5**

(iv) **حصہ۔ب** : سوال نمبر ***6*** تا ***11***

(v) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

(vi) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر لکھنا لازمی ہے۔

***General Instructions :***

*(i)* *Question paper is divided into **2** Sections.*

*(ii)* *It has total **11** Questions.*

*(iii)* ***Section A** : Q. No. **1** to **5***

*(iv)* ***Section B** : Q. No. **6** to **11***

*(v)* *Attempt questions as per specific instructions.*

*(vi)* *Write Question No. in Answer-book before attempting it.*

## SECTION A ( حصّہ۔الف )

**1.** مندرجہ ذیل دو غیر درسی اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ *5×2=10*

(A)

ہندوستان ایک وسیع ملک ہے۔ یہاں ہر علاقے کا موسم الگ ہے۔ایک ہی وقت میں کہیں ٹھنڈ پڑتی ہے، تو کہیں گرمی، اور کہیں برسات ہوتی ہے۔ شمالی ہندوستان کا موسم جنوبی ہندوستان کے موسم سے مختلف ہوتا ہے۔اسی طرح پہاڑی علاقوں کے موسم بھی الگ ہوتے ہیں۔ہندوستان میں بنیادی طور پر چار اہم موسم پائے جاتے ہیں موسمِ

گرما، موسمِ برسات، موسمِ خزاں اور موسمِ سرما۔ موسمِ گرما ہندوستان میں مارچ سے شروع ہو کر جون تک رہتا ہے۔ اس موسم میں درجۂ حرارت 40 سے 45 ڈگری اور کبھی کبھی اس سے بھی زیادہ رہتا ہے۔ ان مہینوں میں اتّر پردیش، بہار، راجستھان، مدھیہ پردیش اور دہلی وغیرہ میں شدید گرمی پڑتی ہے۔ برسات کا موسم جولائی سے ستمبر تک رہتا ہے، لیکن ہندوستان کے کچھ صوبوں میں یہ موسم وسط جون سے بھی شروع ہو جاتا ہے۔ اس موسم کا کسان بے صبری سے انتظار کرتے ہیں۔ اگر بارش کم ہو تو فصل کو نقصان پہنچ سکتا ہے، اور خشک سالی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

(i) ہندوستان کے علاقوں میں ایک ہی وقت میں الگ الگ موسم کیوں ہوتے ہیں ؟

(ii) گرمی کے موسم میں درجۂ حرات کتنا ہوتا ہے ؟

(iii) مارچ سے جون تک کن علاقوں میں گرمی پڑتی ہے ؟

(iv) کسان کس موسم کا بے صبری سے انتظار کرتے ہیں ؟

(v) خشک سالی کا سامنا کیوں ہو سکتا ہے ؟

(B)

ہلکے پیلے رنگ کا ننھّا سا پرندہ بیا گھاس کے چھوٹے چھوٹے تنکوں اور پتّیوں کو بُن کر لالٹین کی طرح لٹکتے بے حد خوب صورت گھونسلے تعمیر کرتا ہے۔ اس پرندے کو 'بُنکر چڑیا' یا 'ٹیلر برڈ' بھی کہا جاتا ہے۔ اپنی ہنر مندی کی بِنا پر یہ انجینئروں کی طرح کام کرتا ہے۔ بیا نسل کے پرندے پورے برِّ صغیرِ ہند اور دکنی مشرقی ایشیا میں پائے جاتے ہیں۔ یہ اکثر اپنا گھونسلہ نہر، ندی اور نالوں کے کنارے کے آس پاس پائی جانے والی کانٹے دار جھاڑیوں اور درختوں میں تیار کرتے ہیں۔ ان جھاڑیوں میں ایک ساتھ کئی اُلٹے لٹکتے خوب صورت گھونسلے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ ان کے دروازے نیچے کی طرف ہوتے ہیں۔ کئی گھونسلوں میں دو کمرے بھی ہوتے ہیں۔ بیا نام کا یہ پرندہ اپنا گھونسلہ اس طرح تیار کرتا ہے جس سے کہ وہ اپنے انڈوں اور بچوں کو دشمنوں اور شکاریوں اور موسمی اثرات سے محفوظ رکھ سکے۔

(i) بیا اپنا گھونسلہ کن چیزوں سے تیار کرتا ہے اور یہ گھونسلہ کیسا دکھائی دیتا ہے ؟

(ii) بیا کو اور کن ناموں سے پکارا جاتا ہے ؟

(iii) بیا نام کا یہ پرندہ کن علاقوں میں پایا جاتا ہے ؟

(iv) گھونسلے میں داخل ہونے اور آرام کرنے کے لیے کیا کیا سہولتیں ہوتی ہیں ؟

(v) بیا کے گھونسلے میں کن کن اثرات سے حفاظت کا انتظام ہوتا ہے ؟

**.2** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ $1\times 10=10$

(i) اولمپک کھیل

(ii) میرا پسندیدہ کھیل

(iii) مستقبل کے میرے منصوبے

**.3** (a) آپ کا نام رئیس / رئیسہ ہے۔ آپ راجکیہ وکاس ودیالیہ ، رام نگر ، بھوپال، مدھیہ پردیش کی بارھویں جماعت میں پڑھتے / پڑھتی ہیں۔ آپ کے اسکول میں پینے کا پانی بہت خراب آرہا ہے جو اسکول کے طلبا کی صحت کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ صاف پانی کا انتظام کرانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ $1\times 8=8$

**OR / یا**

(b) آپ کا نام زینت / ذہین ہے۔ آپ کو کتابیں پڑھنے کا بہت شوق ہے۔ آپ 515/A، میور کالونی، نیولین، احمد آباد، گجرات میں رہتے / رہتی ہیں۔ حال ہی میں آپ نے ایک بہترین کتاب پڑھی ہے۔ اس کتاب کی تفصیلات کے بارے میں اپنے دوست عمران / سہیلی فاطمہ کو خط لکھ کر بتائیے۔ دوست / سہیلی کا پتا 31/2، نرمل وہار، شانتی مارگ، اجمیر، راجستھان ہے۔

**.4** درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ $5+2=7$

لائبریری کی تاریخ بہت پرانی ہے اور اس کی اہمیت اور ضرورت ہر زمانے میں رہی ہے۔ لائبریری علمی سرمائے کی حفاظت کا بھی ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس کے ذریعے سینکڑوں سالہ قدیم کتابیں محفوظ رہتی ہیں اور علمی سرمایہ ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتا ہے۔ اگر لائبریری نہ ہوں تو کتابوں کی حفاظت اور اس کی بقا مشکل ہو جائے گی اور ہزاروں سالہ قدیم کتابیں ضائع ہو جائیں گی۔ ٹیکنالوجی کے دور میں لوگ کتابوں سے دُور ہوتے جا رہے ہیں اور زیادہ تر وقت الیکٹرانک آلات میں مصروف رہتے ہیں۔ ایسے میں اپنے آپ کو کتابوں سے جوڑ کر رکھنا اور مطالعے کے لیے وقت نکالنا بے حد ضروری ہے۔

**5.** درج ذیل محاوروں میں سے صرف پانچ کے معنی لکھیے اور انھیں اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ *5 × 2=10*

(i) ناک کٹنا

(ii) بغلیں بجانا

(iii) چھٹی کا دودھ یاد آنا

(iv) آؤ بھگت کرنا

(v) خاک اُڑانا

(vi) سر دُھننا

(vii) میدان میں آنا

(viii) آنکھیں چار ہونا

(ix) جوئے شیر لانا

(x) آگ بگولہ ہونا

## SECTION B (حصّہ۔ب)

**6.** مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ *1+1+1+2+2=7*

ہندوستانی گلوکاراؤں میں لتا کے مقابلے کی کوئی گلوکارہ نہیں ہوئی۔ لتا کی وجہ سے فلمی سنگیت کو حیرت انگیز مقبولیت حاصل ہوئی۔ اتنا ہی نہیں بلکہ کلاسیکی موسیقی کے سلسلے میں لوگوں کا زاویۂ نظر بھی بدل گیا۔ پہلے بھی گھر گھر چھوٹے بچّے گیت گایا کرتے تھے۔ لیکن ان گیتوں میں اور آج کل گائے جانے والے گانوں میں بڑا فرق نظر آتا ہے۔ آجکل کے ننّھے منّے بھی سُر میں گانے لگے ہیں۔ کیا یہ لتا کا جادو نہیں ہے؟ کوئل کی آواز جب مسلسل کانوں سے ٹکراتی ہے تو سننے والا اس کی نقل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ فطری امر ہے۔ گانوں سے دلچسپی رکھنے والے کسی عام آدمی کو لتا کے گیتوں اور کلاسیکی گیت کا ٹیپ سنایا جائے تو وہ لتا کے گیتوں کے ٹیپ ہی کو پسند کرے گا۔ کیونکہ اسے تو چاہیے آواز کی وہ مٹھاس جو اسے مدہوش کردے۔

(i) لتا کی وجہ سے فلمی سنگیت کو کیا فائدہ ہوا ؟

(ii) لتا کے گانوں کے سبب کس بارے میں لوگوں کا زاویۂ نظر بدل گیا ؟

(iii) چھوٹے چھوٹے بچّوں نے لتا سے کیا سیکھا ؟

(iv) کوئل کی آواز کے بارے میں کیا کہا گیا ہے ؟

(v) عام آدمی لتا کے گیتوں اور کلاسیکی گیتوں میں سے کسے پسند کریں گے اور کیوں ؟

**7.** (a) رشید احمد صدیقی نے انشائیہ 'دعوت' میں بدتمیزی کے ساتھ کھانا کھانے کی کیا تصویر پیش کی ہے ؟ *1×5=5*

**OR / یا**

(b) مرزا غالبؔ کی خطوط نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

**8.** درج ذیل سوالات میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ *4×2=8*

(i) چچی کو جو خط ملا وہ کس کا تھا اور اس میں کیا لکھا تھا ؟

(ii) میگھالیہ کی راجدھانی کا نام ''شیلانگ'' کس مناسبت سے ہے ؟

(iii) دعوت میں جانے اور نہ جانے، دونوں سے متعلق مصنّف نے کیا خیال ظاہر کیا ہے ؟

(iv) رائے صاحب اور خان صاحب میں رنجش کیوں تھی ؟

(v) لتا کے گائے ہوئے گیتوں میں کون سی بات آسان اور فطری معلوم ہوتی ہے ؟

(vi) مصنّف کی بیماری کی خبر سُن کر سب سے پہلے کون آیا ؟

(vii) جوگ مایا مندر اور درگاہ شریف کا 'پھول والوں کی سیر' سے کیا خاص تعلق ہے ؟

(viii) میگھالیہ کے خاص رسم و رواج کون کون سے ہیں ؟

**9.** (a) میر تقی میرؔ کی نظم 'اپنے گھر کا حال' کا خلاصہ لکھیے۔ *1×5=5*

**OR / یا**

(b) ساحرؔ لدھیانوی کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

**10.** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے : $5 \times 1 = 5$

(i) ''اس خرابی میں، میں ہوا پامال'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(ii) شاعر کو کن چیزوں کے تباہ ہو جانے کا ڈر ہے ؟

(iii) شاعر نے گھر کو راستہ کیوں کہا ہے ؟

(iv) شاعر کے مطابق لمحوں کو چُرا کر کون لایا ہے ؟

(v) شاعر نے جنگ بند کرنے کے لیے کن لوگوں کو مخاطب کیا ہے ؟

**11.** درج ذیل سوالات کے دیے ہوئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے : $5 \times 1 = 5$

(i) مسلسل اشعار کی نظم کو کیا کہتے ہیں جس میں ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں ؟

(A) غزل (B) رباعی

(C) مثنوی (D) ریختی

(ii) 'آبشار' کے معنی ہیں ؟

(A) گیلا (B) جھرنا

(C) گروہ (D) درمیانہ

(iii) 'گاؤں کی لاج' کس مصنّف کا افسانہ ہے ؟

(A) علی عباس حسینی (B) پریم چند

(C) رشید احمد صدیقی (D) حبیب تنویر

(iv) 'پھول والوں کی سیر' کس شہر کی یادگار ہے ؟

(A) دلّی (B) لکھنؤ (C) کشمیر (D) کلکتہ

(v) حبیب تنویر اُردو میں کس صنف کے لیے جانے جاتے ہیں ؟

(A) افسانہ (B) ڈراما

(C) انشائیہ (D) خطوط نگاری